2026-2027

# متسوبشی بچوں کی تصویری ڈائریوں کا میلہ

مقابلے میں حصہ لینے کی شرائط

## منتظمین:

☆ مِتسوبشی کمیٹی برائے تعلقات عامہ

☆ فیڈریشن آف یونیسکو کلبز اینڈ ایسوسی ایشنز

☆ نیشنل فیڈریشن آپ یونیسکو ایسوسی ایشنز (جاپان)

**مقامی منتظمین و تعاون** : پاکستان نیشنل کمیشن برائے یونیسکو، وزارتِ وفاقی تعلیم وفنی تربیت، حکومتِ پاکستان، اسلام آباد

## تعاون :

☆ یونیسکو (متوقع) ☆ وزارت خارجہ، تعلیم، ثقافت، کھیل، سائیس وٹیکنالوجی، جاپان

## مقابلے میں شریک ممالک (متوقع)

بنگلہ دیش، بھوٹان، برونائی، کمبوڈیا، عوامی جمہوریہ چین، بھارت، انڈونیشیا قزاقستان، عوامی جمہوریہ کوریا، لاؤس، ملائشیا، مالدیپ، منگولیا، میانمار، نیپال، اسلامی جمہوریہ پاکستان، فلپائن، سنگاپور، سری لنکا، تائی پی چائنیز، تھائی لینڈ، لیسٹی تیمور، ویتنام اور جاپان

## تعارف

فن پاروں کے اس میلے کا بنیادی مقصد دینا بھر کے بچوں کو ایشیأ کے بچوں سے ''تصویری ڈائریوں'' کے ذریعے متعارف کروانا ہے۔ پاکستان سمیت ایشیاء کے 24 ممالک کو اس میلے میں مدعو کیا جائے گا کہ اپنی روزمرہ کی زندگی وثقافت سے ایشائی ممالک سمیت دنیا بھر کے بچوں سے روشناس ہوں۔ پاکستان نیشنل کمیشن برائے یونیسکو، اسلام آباد پاکستانی بچوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ ''**میری زندگی کا ایشیاء کے ہر فرد سے تعارف**'' کے مرکزی خیال پر مبنی تین (3) صفحات پر مبنی تصویری ڈائریاں بنائیں۔ اپنے ایشیائی دوستوں کو اپنی زندگی وثقافت سے آگاہ کریں۔

## مقابلے میں شرکت کا طریق کار

| | | |
|---|---|---|
| (1) | شرکت کا دورانیہ: | 01 جولائی تا 30 نومبر 2026 (غیر حتمی) |
| (2) | قومی سطح پر ڈائریوں کا انتخاب: | 01 تا 31 دسمبر 2026 (غیر حتمی) |
| (3) | بین الاقوامی سطح پر انتخاب (جاپان میں): | اپریل 2027 (غیر حتمی) |
| (4) | انعامات دینے کی تقریب وثقافتی تبادلہ کا پروگرام: | جولائی-اگست 2027 (ٹوکیو، جاپان) |

## مقابلے میں شرکت کا طریق کار

### (1) تخلیقی مواد

ہر ایک تصویری ڈائری تین (3) صفحات پر مشتمل ہو۔ ڈرائنگ شیٹ یا اس جیسا کاغذ A-4 سائز (297mm x 210mm) کاغذ عموداً (Vertically) استعمال کیا جائے۔ تصویر اوپر اور مضمون نیچے لکھا جائے، تصویر اور مضمون کا تناسب 2:3 تقریباً ہونا چاہیے (دو حصہ تصویر اور ایک حصہ مضمون کی عبارت)۔ مضمون 3 سے 5 سطروں سے زیادہ نہ ہو۔ تصویر پینٹ، رنگدار پنسلوں یا رنگدار چاکوں (Cryons) کی مدد سے بنائیں۔

## تصویری ڈائری کیا ھے؟




جاپان میں رواج ہے کہ بچے اپنی تصویری ڈائری بناتے ہیں جس میں ایک تصویر اور مختصر مضمون کے ذریعے وہ اپنے روزمرہ کے واقعات اور خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ تصویری ڈائری میں کچھ ان چیزوں کے متعلق جنہیں اس نے دیکھا، سنا، کیا یا جن کے بارے میں سوچا، صرف لکھتا ہی نہیں بلکہ وہ تصویروں کے ذریعے ان واقعات کے بارے میں اپنے تاثرات بھی بیان کرتا ہے۔ آپ بھی اس تصویری ڈائری کے ذریعے دوسرے ملکوں اور خطوں میں رہنے والے بچوں کو پاکستان میں اپنے روزمرہ کے واقعات اور رسم و رواج سے روشناس کرواسکتے ہیں۔ آپ کو اپنے زندگی کے کسی بھی پہلو پر تصویری ڈائری بنانے کی دعوت دی جاتی ہے۔

میلے میں شرکت کے خواہشمند بچے مضامین اپنے قومی زبان (اردو) میں لکھیں۔

### (2) موضوع




### ''میری زندگی کا ایشیاء کے ہر فرد سے تعارف''

آپ اپنی ڈائری کیلئے کسی بھی عنوان کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ آپ اس موضوع کی مناسبت سے اپنی ڈائری کیلئے اپنی روزمرہ مصروفیات کا کوئی بھی پہلو قدرت، آب و ہوا، میلا، کھیل، خاندان، سکول میں مصروفیات، علاقائی میلے، دیگر روایتی مشاغل۔ آپ اپنی اس پانچ صفحات پر مشتمل تصویری ڈائری کے ذریعے ایشیائی بچوں کو پاکستان کی روزمرہ زندگی کی مصروفیات کے بارے میں بتاسکتے ہیں۔


### (3) عمر کی حد

مقابلے میں 6 تا 12 سال کی عمر کے بچے حصہ لے سکتے ہیں۔

### (4) شرکت کا دورانیہ : 01 جولائی تا 30 نومبر 2026 (اصولی طور پر)

### (5) ڈائریاں بھیجنے کی آخری تاریخ

ڈائری بھیجنے کی آخری تاریخ 30 نومبر 2026ء ہے۔ آخری تاریخ کے بعد موصول ہونے والی کسی بھی ڈائری کو مقابلے میں شامل نہیں کیا جائے گا۔




## (6) ڈائری کا سائز

ڈرائنگ شیٹ یا اس جیسا کاغذ A-4 سائز ( 297mm x 210mm ) کاغذ عموداً (Vertically) استعمال کیا جائے۔ تصویر اوپر اور مضمون نیچے لکھا جائے، تصویر اور مضمون کا تناسب 2:3 تقریباً ہونا چاہیے۔ مضمون 3 سے 5 سطروں سے زیادہ نہ ہو۔ تصویر اور مضمون سامنے صفحے پر ہوگا صفحے کا دوسرا رخ استعمال نہیں کیا جائے گا۔

## (7) شرکت کا طریقہ کار

(الف) ڈائری کے تین (3) صفحات ہوں۔ ہر صفحے کی پشت پر بچے کا نام اور صفحہ نمبر لکھا ہو۔

(ب) شرکت فارم (Entery Form) پُر کرنے کے بعد اپنے ڈائری کے ساتھ روانہ کریں۔

(ج) ڈائری بھیجنے سے پہلے یقین کر لیں کہ آپ نے ہر صفحے پر اپنا نام اور صفحہ نمبر لکھ دیا ہے۔ پھر ڈائری کو (صفحہ وار) ترتیب دے کر شرکت فارم (Entery Form) کے ساتھ منسلک کر کے روانہ کریں۔ اسے بذریعہ ڈاک یا ذاتی طور پر جمع کروا دیں۔

(چ) اپنی ڈائری کو گوند، سٹیپلر لگا کر یا پلاسٹک چڑھا کر خراب نہ کریں۔

## (8) مقابلے میں شرکت کی شرائط

(الف) شرکاء کے فن پارے بچے کی ذاتی تخلیق ہوں اور پہلے سے طبع شدہ نہ ہوں۔ اخبارات، آرٹ کی کتابوں یا مزاحیہ کارٹونوں کی کتابوں میں پہلے سے طبع شدہ تصویر کی نقل اگر بھیجی گئی تو ایسی ڈائریوں کو ابتدائی انتخاب کے دوران مسترد کر دیا جائیگا۔

(ب) شرکاء نے اپنے فن پاروں کو ہاتھ سے بنایا ہو مثلاً تصویر کشی یا پینٹ کیا ہو۔

(ج) مشین یا کمپیوٹر سے بنائی گئی تصاویر قابلِ قبول نہ ہوں گی۔

## (9) انتخاب کا طریقہ کار

یہ واضح رہے کہ سلیکشن کمیٹی یہ جائزہ لے گی کہ آپ کی بنائی ہوئی تصویریں کتنی عمدہ اور خوبصورت ہیں بلکہ وہ اس بات کو بھی پرکھے گی کہ آپ اپنے معاشرے، اپنی روزمرہ زندگی کی عکاسی، تاثرات اور خیالات کا اظہار کیسے کر سکتے ہیں۔ سلیکشن کمیٹی انتخاب کے وقت درج ذیل نکات کو خصوصی طور پر مدِنظر رکھے گی۔

(الف) آیا ڈائری بچے کے اپنے آبائی علاقے / خطے یعنی فطرت، لوگوں کی زندگی، لوک داستان، لسانیت، رسم و رواج اور قومی مزاج کی عکاسی کرتی ہے یا نہیں۔

(ب) ڈائری واقعتاً بچے کی ذاتی تخلیق ہے اور اس کے نکتہ ہائے نظر کی صحیح ترجمانی کرتی ہے یا نہیں۔

(ج) آیا ڈائری مختلف موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔

## (10) انتخاب کا طریق کار

نیشنل کمیشن برائے یونیسکو قومی سطح پر قائم کی گئی ایگزیکٹو کمیٹی انتخاب کرنے کے بعد پاکستان سے چار (**4**) ڈائریاں منتخب کر کے جاپان بھیج دے گی۔

جہاں پر بین الاقوامی انتخابی کمیٹی تمام ممالک سے وصول شدہ ڈائریوں کی جانچ پڑتال کرے گی اور ان میں سے انعام یافتگان کا اعلان کیا جائے گا۔ اس طرح تصویری ڈائریوں کے انتخاب کا مرحلہ طے پا جائے گا۔ علاوہ ازیں ہر ملک اور خطے سے موصول ہونے والی 4 ڈائریاں جاپان میں منعقد ہونے والی نمائش میں رکھی جائیں گی جنہیں لوگوں کی کثیر تعداد دیکھے گی۔

☆ واضح رہے کہ بھیجی جانے والی ڈائریاں واپس نہیں کی جائیں گی اور ان ڈائریوں کے تمام جملہ حقوق منتظمین کے پاس محفوظ ہوں گے۔ مقابلے میں شمولیت کیلئے بھیجی جانے والی ڈائریاں اصلی اور پہلے سے غیر طبع شدہ ہوں یہ بھی یاد رہے کہ کسی بھی فن پارے یا کتاب سے حاصل کی گئی نقول کو بھیجنے کی صورت میں ڈائری کو جانچ پڑتال کے دوران مسترد کر دیا جائے گا۔

## (11) انعامات

### (الف) اول انعام

کل تعداد ہر ملک کیلئے ایک انعام (یعنی پاکستان کیلئے ایک انعام)

یہ انعام ہر ملک سے ایک منتخب امیدوار کو دیا جائے گا۔ جیتنے والوں کو تعریفی اسناد و تمغے دیئے جاہیں گے اور جاپان میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات اور ثقافتی پروگرام میں شرکت کیلئے جاپان بھیجا جائے گا۔ ((ناگہانی صورتحال میں انعام یافتہ کو جاپان نہیں بھیجا جائے گا بلکہ پاکستان میں انعام دیا جائے گا۔)

### (ب) منتظمین کے انعامات

#### (i) متسوبشی تعلقات عامہ کمیٹی کا انعام

کل تعداد ہر ملک کیلئے ایک انعام (یعنی پاکستان کیلئے ایک انعام)

انعام یافتہ بچے کو یادگاری سند اور تحائف، ہر ملک اور خطے کی ایگزیکٹو کمیٹی کی وساطت سے پہنچائے جائیں گے۔

#### (ii) ایشیاء پیسیفک فیڈریشن یونیسکو کلب و ایسوسی ایشنز کا انعام

کل تعداد ہر ملک کیلئے ایک انعام (یعنی پاکستان کیلئے ایک انعام)

انعام یافتہ بچے کو یادگاری سند اور تحائف، ہر ملک اور خطے کی ایگزیکٹو کمیٹی کی وساطت سے پہنچائے جائیں گے۔

#### (iii) قومی فیڈریشن برائے یونیسکو ایسوسی ایشنز جاپان کا انعام

کل تعداد ہر ملک کیلئے ایک انعام (یعنی پاکستان کیلئے ایک انعام)

انعام یافتہ بچے کو یادگاری سند اور تحائف، ہر ملک کی ایگزیکٹو کمیٹی کی وساطت سے پہنچائے جائیں گے۔

## مقابلے میں شرکت کیلئے ڈائریاں بھجوانے کا پتہ

چیئرمین، ایگزیکٹو کمیٹی

متسوبشی ایشیائی بچوں کے فن پاروں کا میلہ

پاکستان نیشنل کمیشن برائے یونیسکو، 30-

یونیسکو ہاؤس، سیکٹر H-8/1، اسلام آباد

فون: 41-051-9101340 فیکس: 051-9101338 ای میل: pncuibd@dsl.net.pk